Publication

Roznama Dunya

Monday, May 25, 2026

Nationwide

LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD

نوٹس برائے خصوصی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ لوٹے کیمیکل پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کا خصوصی اجلاس عام (EOGM) بروز پیر، مورخہ 22 جون 2026 کو صبح 11:00 بجے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) آڈیٹوریم چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس یونیو، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل کاروبار کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

عمومی کاروبار:

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ آٹھ (8) ڈائریکٹرز کا انتخاب 23 جون 2026 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کیلئے کیا جانے گا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز میں جناب امتیاز احمد، جناب عدنان آفریدی، جناب محمد ظہور الٰہی چیمہ، محترمہ ثمینہ خان، جناب فیصل احمد صدیقی، جناب شبیر دیوان، جناب عثمان اصغر خان اور جناب شاہد الحسن جنجوعہ شامل ہیں۔

بحکم بورڈ،

کمپنی سیکرٹری
فیصل عابد

25 مئی 2026
کراچی

نوٹس:

1۔ **کتابوں کی بندش:** کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس، 15 جون 2026 سے 22 جون 2026 تک بند رہیں گے (دونوں ایام شامل ہیں)۔ جو ٹرانسفر 12 جون 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر، میٹکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد قاران ہوٹل، نرسری، بلاک-6، پی۔ای۔سی۔ ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو موصول ہو جائیں گے، وہ EOGM میں شرکت کیلئے اہل تصور کیے جائیں گے۔

2۔ **خصوصی اجلاس میں شرکت:** کمپنی کا ممبر، جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہو گا، اسے یہ حق بھی حاصل ہو گا کہ وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کر سکے۔ وہ پراکسیز جو اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر موصول ہو جائیں گی، وہی مؤثر سمجھی جائیں گی۔ مذکورہ مدت میں پیشگی کا دن شمار نہیں کیا جائے گا۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://www.lottechem.pk/election-of-directors سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 میں درج موجودہ ہدایات پر عمل کرنا ہو گا جو کہ درج ذیل ہیں:

(الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:

(i) فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط اجلاس کے وقت فراہم کرنا ہو گا (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

(ب) پراکسی کی تقرری کے لیے:

(i) فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی اور ان کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ درج بالا طریقے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کسی دو اشخاص سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں، جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہئیں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ سینسیٹیول اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہئیں۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرنا ہو گا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کو فراہم کیے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

3۔ **خصوصی اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت:** ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل companysecretary@lottechem.pk پر ای میل کے ذریعے درج ذیل معلومات فراہم کر کے خود کو رجسٹر کریں۔

شیئر ہولڈر کا نام	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ این ٹی این نمبر	فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

ممبران کی مندرجہ بالا انفارمیشن کو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور کمپنی کی طرف سے ای میل کے ذریعے ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت صبح 10:30 بجے سے میٹنگ کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

4۔ **ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا طریقہ کار اور مطلوبہ دستاویزات:** جو بھی شخص ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو/نے درج ذیل دستاویزات اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس-4 EZ/1/P، لائسنس انڈسٹریل زون، پورٹ قاسم، کراچی یا ای میل companysecretary@lottechem.pk کے ذریعے جمع کرواتا ہوں گی۔

a) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے مطابق ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کی اطلاع دینی ہو گی۔

b) کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے تحت مجوزہ فارم 9 کے ضمیمے پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی دینی ہو گی۔ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے والا ہر شخص اپنی رضامندی جمع کرواتے وقت کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے سوائے اُن افراد کے جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (i) 153 کے تحت مستثنیٰ ہوں۔

c) کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کے لیے امیدوار کو اپنی تفصیلی پروفائل اور دفتر کا پتہ فراہم کرنا ہو گا، جیسا کہ SRO 1196(I)/2019 مورخہ 3 اکتوبر 2019 کے تحت لازمی قرار دیا گیا ہے۔

d) موجودہ ڈائریکٹر شپ آفسز کی مکمل تفصیلات۔

e) امیدوار اسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 کے تحت دستخط شدہ اقرار نامہ جمع کرنا ہو گا کہ وہ مقررہ اہلیت اور معیار پر پورا اترتا/اترتی ہے۔

f) درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی / پاسپورٹ (غیر ملکی امیدوار کی صورت میں) کی کاپی مع این ٹی این، فولیو نمبر، سی ڈی سی اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ نمبر۔

g) آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدوار کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا ضروری ہیں:

I. اسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ضابطے (3)6 کے تحت خود مختار ہونے کا اقرار نامہ۔

II. جان جو ایشل اسٹاپ پیپر پر یہ تحریری حلف نامہ جمع کروانا ضروری ہے کہ امیدوار کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز 2018 کے ضابطے (1)4 کے تمام تقاضے پورے کرتا / کرتی ہے۔

5۔ **پوسٹل بیلٹ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، اراکین کو اپنے حق رائے دہی کے استعمال کی اجازت ہو گی۔ یہ ووٹنگ پوسٹل بیلٹ یعنی ڈاک کے ذریعے یا الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے بھی کی جا سکے گی، اور اس کا طریقہ کار و شرائط مذکورہ ریگولیشنز کے مطابق ہوں گی۔

6۔ **شیئر ہولڈرز کی فہرست**

انتخابات میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدوار شیئر ہولڈرز کی فہرست تک رسائی کے لیے پاس ورڈ حاصل کرنے کی غرض سے اپنا مکمل نام، سی این آئی سی نمبر اور فولیو نمبر کمپنی کو ای میل companysecretary@lottechem.pk پر بھیج سکتے ہیں۔

7۔ **ممبر کو تحائف کی تقسیم پر پابندی**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے سرکلر نمبر 2 آف 2018 مورخہ 9 فروری 2018 اور S.R.O. 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے تحت کمپنیوں کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ اجلاس عام کے موقع پر یا اس کے سلسلے میں اراکین کو کسی بھی قسم کے تحائف، مراعات یا فوائد (بشمول لوکوز، کوپنز، کھانے یا لنچ اوے بیگز وغیرہ) دینے یا تقسیم کرنے پر پابندی ہے۔

SECP کی ہدایات کے مطابق ان احکامات کی خلاف ورزی ایک قابل سزا عمل ہے اور اس پر کمپنیز ایکٹ 2017 کے متعلقہ دفعات کے تحت جرمانے عائد کیے جا سکتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(3) کے تحت بیان

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں آزاد ڈائریکٹرز کا ہونا لازمی ہے جیسا کہ اسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 میں مقرر کیا گیا ہے۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا اور ان ڈائریکٹرز کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ایکٹ کے سیکشن (2)166 میں بیان کردہ اہلیت اور معیار پر پورا اتریں۔